**07.05.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... ضمیر رضوی

**Music**

☆ بھارتی مسلح افواج نے پاکستان اور پاکستان کے قبضے والے جموں وکشمیر کے علاقے میں دہشت گردوں کے خلاف آپریشن سندور چلایا۔ دہشت گردوں کے 9 ٹھکانے پوری طرح تہس نہس ہوگئے۔

☆ پارٹی وابستگی سے قطع نظر مختلف سیاستدانوں نے آپریشن سندور کی ستائش کی ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کارروائی کے بارے میں کابینہ کو جانکاری دی اور مسلح افواج کی ستائش کی۔

☆ جموں، سری نگر، لیہہ، جودھپور، امرتسر، چنڈی گڑھ اور کچھ دیگر ہوائی اڈّوں پر اندرونِ ملک پروازیں اِس مہینے کی 10 تاریخ تک منسوخ رہیں گی۔

☆ اور وزیر اعظم نے کہا ہے کہ بھارت کے پہلے خلاء باز والے خلائی مشن گگن یان سے خلائی تکنیک میں ملک کی بڑھتی ہوئی امنگوں کی عکاسی ہوتی ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

## OPERATION SINDOOR

بھارتی مسلح افواج نے پہلگام میں دہشت گردوں کے وحشیانہ حملے کے دو ہفتے بعد کل رات دیر گئے پاکستان اور پاکستان کے قبضے والے جموں وکشمیر کے علاقے میں دہشت گردوں کے 9 ٹھکانوں پر میزائل حملے کئے۔ آپریشن سندور 25 منٹ تک چلا اور اِس جوابی کارروائی میں پاکستان اور پاکستان کے قبضے والے جموں وکشمیر کے علاقے میں دہشت گردوں کے 9 ٹھکانوں کو تہس نہس کردیا گیا۔ دہشت گردوں کے یہ ٹھکانے پاکستان میں سیالکوٹ میں Sarjal کیمپ، Muridke میں مہمونہ زویا اور مرکز طیبہ اور بہاولپور میں مرکز سبحان اللہ میں واقع تھے۔

پاکستان کے قبضے والے جموں وکشمیر کے علاقے میں دہشت گردوں کے جن کیمپوں کو تہس نہس کیا گیا ہے، اُن میں مظفرآباد میں سوائی نالہ اور سیدنا بلال، نیز کوٹلی گلپور، Bimber اور کوٹلی عباس شامل ہیں۔

آپریشن سندور کے تحت یہ فوجی کارروائی رات دیر گئے ایک بجکر پانچ منٹ اور ڈیڑھ بجے کے درمیان کی گئی۔ بھارتی مسلح افواج نے پاکستان اور پاکستان کے قبضے والے جموں وکشمیر کے علاقے میں دہشت گردوں کے بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا جہاں سے بھارت کے خلاف دہشت گردانہ حملوں کا منصوبہ بنایا گیا تھا اور یہ حملے کئے گئے تھے۔

نئی دلّی میں بھارتی فوج، فضائیہ اور وزارت خارجہ کی مشترکہ پریس بریفنگ میں بھارتی فوج کی کرنل صوفیہ قریشی اور بھارتی فضائیہ کی ونگ کمانڈر Vyomika Singh نے کہا کہ آپریشن سندور پہلگام کے دہشت گردانہ حملے کے متاثرین کو انصاف دلانے کیلئے کیا گیا۔ خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے کہا کہ پہلگام دہشت گردانہ حملے کی چھان بین سے دہشت گردوں کے ساتھ پاکستان کے رابطوں کا پردہ فاش ہوگیا ہے۔

کارروائی کے بارے میں جانکاری دیتے ہوئے بھارتی فوج کی کرنل صوفیہ قریشی نے بتایا کہ اِس آپریشن میں دہشت گردوں کے 9 ٹھکانے پوری طرح تباہ ہوگئے ہیں۔ بھارتی فضائیہ کی ونگ کمانڈر Vyomika Singh نے جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ آپریشن سندور پہلگام کے دہشت گردانہ حملے کے متاثرین کو انصاف دلانے کیلئے چلایا گیا۔

## OPERATION SINDOOR REAX

رہنماؤں نے اپنی اپنی پارٹی وابستگی سے قطع نظر بھارتی مسلح فوجوں کی طرف سے کیے گئے آپریشن سِندور کی ستائش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ آپریشن سِندور، پہلگام میں ملک کے بے قصور شہریوں کی وحشیانہ ہلاکت کے تئیں بھارت کا جواب ہے۔ انہوں نے کہا کہ مودی حکومت نے بھارت اور اُس کے عوام پر کیے گئے کسی بھی حملے کا منہ توڑ جواب دینے کا عہد کر رکھا ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ بھارت دہشت گردی کو جڑ سے ختم کرنے کے اپنے عزم پر ثابت قدم ہے۔

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے بھی بھارتی مسلح فوجوں کی تعریف کی۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ دنیا کو چاہیے کہ وہ یہ دکھا دے کہ دہشت گردی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ BJP صدر جے پی نڈّا نے کہا کہ بھارت دہشت گردی کو جڑ سے ختم کرنے کا اہل بھی ہے اور اُس نے اس کا عہد بھی کیا ہوا ہے۔ اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے بھی اس جوابی کارروائی کی تعریف کی ہے۔

لوک سبھا میں اپوزیشن رہنما راہل گاندھی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ اُنہیں بھارتی مسلح فوجوں پر فخر ہے۔ DMK کے سربراہ اور تمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ ایم کے اِسٹالن نے کہا کہ تمل ناڈو، دہشت گردی کے خلاف بھارتی فوج کے ساتھ ہے۔ TDP سربراہ آندھراپردیش کے وزیر اعلیٰ این چندر بابو نائیڈو، TMC سربراہ اور مغربی بنگال کی وزیراعلیٰ ممتا بنرجی، سماجی وادی پارٹی کے رہنماء اکھیلیش یادو، RJD کے رہنماء تیجسوی یادو، BJD کے صدر نوین پٹنائک نے بھی مسلح فوجوں کی کارروائی پر اُن کی ستائش کی۔ عام آدمی کے کنوینر اروند کیجریوال نے بھی کہا ہے کہ بھارتی فوج کی ہمت، ہر شہری کا بھروسہ

ہے۔ سینئر JDU رہنما اور بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے بھی کہا ہے کہ پورا ملک دہشت گردی کے خلاف متحد ہے اور اُسے بھارتی فوج کی ہمت اور شجاعت پر فخر ہے۔ کچھ دیگر پارٹیوں نے بھی یہ کہتے ہوئے اس کارروائی کی تعریف کی ہے کہ اُنہیں بھارت کی مسلح فوجوں پر فخر ہے۔

آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ چندرا بابو نائیڈو نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کا کامیابی کے ساتھ بدلہ لینے کیلئے بھارتی مسلح افواج کو سلام کیا ہے اور وزیراعظم نریندر مودی کی فیصلہ کُن قیادت کی ستائش کی ہے۔ مرکزی حکومت کے اقدامات کی مکمل حمایت کا اظہار کرتے ہوئے جناب نائیڈو نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لکھا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی مستحکم قیادت میں دنیا نے بھارت کی مضبوطی اور عزم کا مشاہدہ کیا۔ انہوں نے دہشت گردی کے خلاف ملک کے متحد عزم پر زور دیا اور مسلح افواج کی یہ کہتے ہوئے حمایت کی کہ بھارت دہشت گردی کے خلاف متحد ہے اور بھارتی مسلح افواج کی مضبوطی کے ساتھ حمایت کرتا ہے۔×

## PM-CABINET

وزیراعظم نریندر مودی نے آپریشن سِندور کو کامیابی کے ساتھ انجام دینے کیلئے مسلح افواج کی ستائش کی ہے۔ وہ نئی دلّی میں اس کارروائی کے بارے میں مرکزی کابینہ کو تفصیل بتارہے تھے۔ ذرائع نے کہا کہ وزیراعظم نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد جوابی کارروائی سے متعلق جانکاری فراہم کی۔ جناب مودی رات بھر آپریشن سندور پر مسلسل نگاہ رکھے ہوئے تھے۔ میٹنگ کے دوران مرکزی وزراء نے بھی ان کی ستائش کی۔ اس دوران حکومت نے آپریشن سندور کے پیش نظر کل صبح 11 بجے سبھی پارٹیوں کی ایک میٹنگ طلب کی ہے۔ میٹنگ کے دوران مختلف سیاسی پارٹی کے رہنماؤں کو حکومت کی کارروائی کے بارے میں تفصیل بتائی جائے گی۔×

## PM-VISIT POSTPONED

وزیراعظم نریندر مودی نے ملک کے آپریشن سِندور کے پیش نظر تین ملکوں کے اپنے دورے کو ملتوی کردیا ہے۔ جناب مودی کروشیا، ناروے اور نیدرلینڈ کا دورہ کرنے والے تھے۔×

## FLIGHT CANCELLED

آپریشن سندور کے تناظر میں کئی اندرونِ ملک پروازیں منسوخ کردی گئی ہیں۔ ایئرانڈیا نے اپنی ایڈوائزری میں کہا ہے کہ جموں، سری نگر، لیہ، جودھپور، امرتسر، بھج، جام نگر، چنڈی گڑھ اور راجکوٹ جانے والی اور وہاں سے آنے والی پروازیں اِس مہینے کی 10 تاریخ تک منسوخ کردی گئی ہیں۔

ان ہوائی اڈّوں کو بند کئے جانے کے بارے میں Aviation حکام کے نوٹیفکیشن کے تناظر میں یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ اِس عرصے کے دوران سفر کرنے کیلئے جن مسافروں کے پاس ٹکٹ ہیں، اُنھیں سفر کی نئی تاریخوں کے چارجز پر یک وقتی چھوٹ دی جائے گی یا اُنھیں پرواز منسوخ کئے جانے پر پوری رقم واپس کردی جائے گی۔

اِدھر Indigo نے بھی سری نگر، جموں، امرتسر، لیہہ، چنڈی گڑھ، دھرم شالہ، بیکانیر اور جودھپور کیلئے پروازیں آج منسوخ کی ہیں۔ اُس نے سبھی مسافروں کو یہ مشورہ دیا ہے کہ وہ ہوائی اڈّے جانے سے قبل اپنی پروازوں کے بارے میں تازہ جانکاری حاصل کریں۔x

**J&K-KILLED**

جموں وکشمیر میں آج پاکستانی فوج نے کنٹرول لائن سے متصل گاؤوں کو نشانہ بناتے ہوئے شدید فائرنگ اور توپ خانے سے گولہ باری جاری رکھی، جس میں 9 افراد ہلاک اور دیگر 41 زخمی ہوگئے۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ پاکستان اور پاکستان کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں 9 دہشت گردانہ ٹھکانوں کو نشانہ بناتے ہوئے بھارتی فوج کی جانب سے میزائل حملوں کے کچھ دیر بعد سرحد پار سے یہ شدید گولہ باری شروع ہوئی۔ بھارتی فوج اس گولہ باری کا منہ توڑ جواب دے رہی ہے، جس میں اُن کی گولہ باری کرنے والی کئی پوسٹوں کے تباہ ہونے سے دشمن کی طرف کافی جانی نقصان ہوا ہے۔ پونچھ ضلع پاکستانی گولہ باری میں سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے، جہاں سبھی ہلاکتیں شہریوں کی ہوئی ہیں۔

اس کے علاوہ بالاکوٹ، مینڈھر، منکوٹ، کرشنا گھاٹی، گُلپور، Kerni اور پونچھ ضلع ہیڈکوارٹر پر بھی گولہ باری کی خبر ہے، جس میں درجنوں رہائشی مکانات کو نقصان پہنچا ہے۔ بارہمولہ ضلع کے اُڑی سیکٹر میں سرحد پار سے گولہ باری میں پانچ چھوٹے بچوں سمیت 10 افراد زخمی ہوئے ہیں، جبکہ راجوری ضلع میں دیگر تین افراد زخمی ہوئے ہیں۔x

**SHAH-OMAR ABDULLAH**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آپریشن سندور کے تناظر میں سیکیورٹی صورتحال کے بارے میں جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے فون پر بات کی۔ ذرائع کے مطابق جناب امت شاہ نے سرحدی حفاظتی فورس BSF کے ڈائریکٹر جنرل کو ہدایت دی ہے کہ وہ سرحدی علاقوں میں رہنے والے لوگوں کیلئے حفاظت کے سبھی اقدامات کو یقینی بنائیں۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ عام شہریوں کی سلامتی اور تحفظ سرکار کی اوّلین ترجیح ہے۔ وزیر داخلہ نے نیم فوجی فورسز کے سربراہوں کو بھی حکم دیا ہے کہ وہ اپنے اُن اہلکاروں کو واپس بلائیں جو چھٹی پر ہیں۔x

**PUNJAB KARTARPUR CORRIDOR CLOSED**

پاکستان میں کرتارپور میں واقع گرودوارہ دربار صاحب کیلئے، جو کرتارپور کوریڈور کھولا گیا تھا، اُسے بند کردیا گیا ہے۔ سرکاری ذرائع نے جالندھر کے ہمارے نامہ نگار سے اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ یہ کوریڈور آج کیلئے بند کیا گیا ہے۔ مزید احکامات کا انتظار ہے۔x

**OP SINDOOR ISRAEL REAX**

اسرائیل نے دہشت گردی کے خلاف بھارت کے آپریشن سندور کی ستائش کی ہے۔ بھارت میں اسرائیل کے سفیر Reuven Azar نے کہا ہے کہ اسرائیل اپنا دفاع کرنے کے بھارت کے حق کی حمایت کرتا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر انھوں نے کہا کہ دہشت گردوں کو یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ بے قصور افراد کے خلاف وحشیانہ جرائم کا ارتکاب کرنے کے بعد چھپنے کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔x

**PM-SPACE SECTOR**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت نے اسٹارٹ اپ اداروں، کاروباری افراد اور نوجوانوں کیلئے خلاء کا اپنا شعبہ کھول دیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ آج بھارت میں 250 سے زیادہ خلائی اسٹارٹ اپ ادارے ہیں اور سیٹلائٹ تکنیک، Propulsion نظام، Imaging اور دیگر شعبوں میں جدید طرز کی تکنیک اور پیشرفت میں اہم رول ادا کر رہے ہیں۔ خلائی کھوج سے متعلق عالمی کانفرنس کیلئے اپنے ویڈیو پیغام میں جناب مودی نے کہا کہ بھارت سائنسی کھوج کی سرحدوں سے آگے نکلتے ہوئے نئے اعتماد کے ساتھ لگاتار آگے بڑھ رہا ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت کے پہلے خلاء باز والے خلائی مشن گگن یان سے ملک کی بڑھتی ہوئی امنگوں کی عکاسی ہوتی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ آنے والے ہفتوں میں ایک بھارتی خلاء باز بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کیلئے اِسرو اور ناسا کے مشترکہ مشن کے حصے کے طور پر خلاء میں جائے گا۔

جناب مودی نے بتایا کہ سال 2035 تک بھارتیہ انترکش اسٹیشن، تحقیق اور عالمی اشتراک کے شعبے میں نئی سرحدیں کھول دے گا۔ انھوں نے کہا کہ سال 2040 تک ایک بھارتی خلاء باز چاند پر قدم رکھے گا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت کا خلائی سفر دوسروں کے خلاف مقابلہ آرائی کرنے کیلئے نہیں بلکہ یہ مل کر آگے بڑھنے کیلئے ہے۔

**IPL-CRICKET**

IPL ٹی-ٹوینٹی کرکٹ میں آج کولکاتا کے ایڈن گارڈن میں کولکاتا نائٹ رائڈرس اور چنئی سُپر کنگس کے درمیان میچ کھیلا

جائے گا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے شروع ہوگا۔

اس سے قبل کل رات ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں ایک سنسنی خیز مقابلے میں DLS ضابطے کے تحت گجرات ٹائٹنس نے ممبئی انڈینس کو چار وکٹ سے ہرادیا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆